بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# جذباتِ مومن

جس نے مٹایا کلمہ اور اپنے خدا کا نام
قادر ہے وہ خدا لے گا اُس سے انتقام
کیوں مر گئی ہے غیرت تمہاری اے ظالمو
مسلم کہلا کے کرتے ہو ایسے ناپاک کام
مولٰی نے بد اعمال کی دی ہے تمہیں سزا
تم پر خدا کا قہر ہی پڑتا ہے صبح و شام
کرتے ہو اس امام کی تکذیب ہر گھڑی
بھیجا تھا شاہِ یثرب نے اپنا جسے سلام
جب تک مسیحِ وقت کو کرتے نہیں قبول
اغیار کے ہی بنتے رہو گے تم غلام
کشکول لئے پھرتے ہو دنیا میں ہر جگہ
برکت اُٹھی ہے ایسی کہ بگڑا ہے سب نظام
عزت کے گر ہو خواہاں تو بیعت میں آؤ تم
طاعت کرو امام کی مومن بنو تمام

خواجہ عبدالمومن

اوسلو ، ناروے